بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿روزہ جدید مسائل کی روشنی میں﴾ تحریر: محمد شریف رضا عطاری

بحالتِ روزہ عطر لگانا وخوشبو لگانااور اسی طرح دیگر معاملات؟

روزے کی حالت میں عطر لگانا ، پھول سونگھنا ، سرمہ لگانا، تیل لگانا ، خط بنوانا، بال ترشوانا زیر ناف بال مونڈنا، ناخن ترشوانا ، بام لگانا سر اور ناک میں باہر سے ، ہونٹوں پر چپ اسٹک لگانا ، چہرے پر لوشن لگانا ، تیل کی مالش جسم میں کرنا ، داڑھی میں لال مہندی لگانا،مسواک کرنا یہ سب جائز ہے۔

بحالتِ روزہ ٹوتھ پیسٹ یا ڈنڈونک پاوٴڈر یا منجن استعمال کرنا کیسا؟

اگر اس کا کوئی جز حلق میں نہ جائے تو نہ ٹوٹے گا ، لیکن مکروہ ضرور ہے ،اور اگر حلق میں جائے پھر تو ٹوٹ جائے گا ، یہ حکم منجن اور ڈنڈونک کے بارے میں ہے، جبکہ ٹوتھ پیسٹ میں تو زیادہ امکان اندر ہی جانے کا ہوتا ہے ۔اس لئے اس سے احتراز کیا جائے۔

بحالتِ روزہ گلوکوز لگوانا کیسا ھے ؟

جائز ہے اگرچہ اس سے بھوک بھی ختم ہوجائے کیونکہ اصل قاعدہ یہ ہے کہ منفذ کے ذریعہ کسی دوا یا غذا کا معدہ یا دماغ میں داخل ہونا روزے کو فاسد کرتا ہے ۔مسام یا رگ کے ذریعے کوئی چیز داخل بدن ہو تو اس سے روزہ نہ جائے گا گلوز کی ڈراپ لگوانے سے منفذ کے ذریعے کوئی چیز اندر نہیں جاتی جیسا کہ ردالمختار کی عبارت سے ظاہر ہے ۔گلوکوز لگانا حالتِ اضطرار میں ہو ورنہ مکروہ ہے۔

بحالتِ روزہ مریض کو خون دینا یا ڈراپ لگانا.؟

اولاً تو خون دینا اور اسکی ڈراپ لگوانا حرام ہے،مگر اس سے روزہ فاسد نہ ہوگا جیسا کہ بخاری شریف کی حدیث مبارکہ ہے ۔الفطر مما دخل ولیس مما خرج۔ ﴿بخاری شریف﴾

بحالتِ روزہ دمہ کے مریض کو انھیلر استعمال کرنا؟

بحالتِ روزہ انہیلر استعمال کرنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے۔

بدمذھبوں کی اذان پر روزہ افطار کرنا کیسا ھے؟

دیوبندی، وہابی،شیعوں کی اذان دراصل اذان میں شمار ہی نہیں ،جیسا کہ اعلیٰ حضرت نے **فتاویٰ رضویہ جلد دوم صفحہ ۴۲۱** میں فرمایا۔

روزہ کی حالت میں کان یا آنکھ میں دوائی ڈالنا کیسا ھے.؟

قدیم فقہا کے نزدیک بحالتِ روزہ کان میں دوا ڈالنے سے ٹوٹ جاتا ہے،اور اور آنکھ میں ڈالنے سے نہیں ،کیونکہ آنکھ کے درمیان کوئی منفذ نہیں اور کان اور حلق کے درمیان ہے۔

جبکہ جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ آنکھ اور حلق کے درمیان ہے جبکہ کان اور حلق کے درمیان نہیں، اسی وجہ سے آنکھ میں دوائی ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا،اور کان میں ڈالنے سے نہیں ٹوٹے گا۔

روزے کی حالت میںVicksلگانا کیسا ھے.؟

Vicks عموماً دو قسم کی ہے جس میں ایک بام ہے جس کو لگانا جائز ہے دوسری جس میں ایک قسم کا کیمیکل ہوتا ہے جس کو ناک کے نتھنوں میں لگایا جاتا ہے اور اس کے کیمیکل کے اجزا حلق کے راستے سے اندر جاتے ہیں۔اس لئے اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

بحالتِ روزہ دانت اکھڑوانا ؟

روزے کی حالت میں دانت اکھڑواسکتے ہیں لیکن احتیاط برتی جائے کہ خون کا ایک قطرہ بھی حلق میں نہ اترے۔جیسا کہ بہارِ شریعت حصہ پنجم میں مذکور ہے۔

بحالتِ روزہ انجکشن لگانا.

روزہ نہیں ٹوٹے گا ، وہی علت ہے جو خون گلوکوز چڑھانے میں ہے۔

روزے میں ٹانکہ لگانا کیسا.؟

روزہ نہیں ٹوٹے گا ،اس کی بھی علت وہی ہے جو گلوکوز میں مذکور ہوئی۔